# ۱۔ دُعا

اے خُدا ، اے خدا — سن لے میری دعا
کر تو ، مجھ پر کرم — رکھ تو میرا بھرم
راہ سیدھی چلوں — شمع بن کر جلوں
مجھ کو سچّا بنا — مجھ کو اچھّا بنا
سب سے اُلفت کروں — سب کی خدمت کروں
میں کروں ہر گھڑی — تیری ہی بندگی
تُو مجھے شاد رکھ — غم سے آزاد رکھ
اے خدا ، اے خدا
سُن لے میری دعا

(ماخوذ)

## مشقی سرگرمیاں

دیکھو، پڑھو، لکھو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| کرم (کَ-رَم) | ...................... | بھرم (بھَ-رَم) | ...................... |
| شمع (شَم-ع) | ...................... | اُلفت (اُل-فَت) | ...................... |
| خدمت (خِد-مَت) | ...................... | گھڑی (گھَ-ڑی) | ...................... |
| بندگی (بَن-دَ-گی) | ...................... | شاد (شا-د) | ...................... |

نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھو۔

۱) بچّہ کس سے دعا مانگ رہا ہے؟
۲) بچّہ کیسی راہ چلنا چاہتا ہے؟
۳) بچّہ دوسروں کے لیے کیا کرنا چاہتا ہے؟
۴) بچّہ ہر وقت کیا کرنا چاہتا ہے؟



تصویر دیکھ کر ایک جملہ بولو۔

❁ نظم سے ایسے لفظ تلاش کر کے لکھو جو 'ں' پر ختم ہوتے ہیں۔

❁ نظم سے تین حرفی لفظ چُن کر لکھو۔

❁ نظم سے ایسے لفظ چن کر لکھو جن پر نشان [ ّ ] لگا ہو۔

❁ نظم سے ایسے لفظ چن کر لکھو جو 'ر' سے شروع ہوتے ہیں۔

❁ نظم سے ایک جیسی آواز والے لفظوں کی جوڑیاں لکھو۔

❁ اس لفظ پر [✓] نشان لگاؤ جس سے روشنی ملتی ہے۔

راہ سیدھی چلوں شمع بن کر جلوں

❁ نظم پڑھ کر صحیح جملے پر [✓] نشان لگاؤ۔

| | |
|---|---|
| ۱) • مجھ کو مضبوط بنا۔ (.........) | ۲) • سب سے محبّت کروں۔ (.........) |
| • مجھ کو سچّا بنا۔ (.........) | • سب سے نفرت کروں۔ (.........) |
| • مجھ کو مالدار بنا۔ (.........) | • سب سے اُلفت کروں۔ (.........) |

❁ صحیح لفظ چن کر خالی جگہ میں لکھو۔

۱) رکھ تو میرا ......................... (دھرم ، بھرم ، کرم)

۲) ................. بن کر جلوں (دِیا ، چراغ ، شمع)

۳) تو مجھے ................. رکھ (آباد ، یاد ، شاد)

❁ حرفوں کو صحیح ترتیب میں جوڑ کر لفظ بناؤ۔

۱) ا خ د ۲) ا ع د

۳) د ا ش ۴) ڑ ی گھ

❁ شعر پورا کرو۔

۱) اے خدا ، اے خدا ..............................

۲) .............................. سب کی خدمت کروں

۳) تو مجھے شاد رکھ ..............................

عملی کام: اس نظم کو زبانی یاد کر کے اپنی جماعت میں سناؤ۔

SF4FPK